LÆGEMIDDELSTYRELSEN
DANISH MEDICINES AGENCY

مئی 2024

## ٹائپ 2 ذیابیطس کی ادویات (سوائے انسولین) استعمال کرنے والوں کے لیے اہم معلومات

**25 نومبر 2024 کو**، ہم ٹائپ 2 ذیابیطس کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی کچھ ادویات کی باز ادائیگی کی شرائط تبدیل کر رہے ہیں۔ اس صفحے کے پشت پر، آپ دیکھ سکتے ہیں کہ آیا اس کا آپ کی دوا پر کوئی اثر پڑے گا۔

**نوٹ:** اگر اس صفحے کے پشت پر آپ کی دوا کا ذکر نہیں ہے، تو آپ کے علاج میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی، اور آپ کو کچھ بھی کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ کی دوا کا ذکر **زرد فہرست** میں ہے اور اگر آپ کے ڈاکٹر کے مطابق آپ باز ادائیگی کی نئی شرائط پر پورا اترتے ہیں، تو آپ باز ادائیگی کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ کی دوا کا ذکر **سُرخ فہرست** میں ہے، تو آپ مزید خود کار باز ادائیگی کے لیے اہل نہیں رہیں گے، لیکن آپ کا ڈاکٹر خاص معاملات میں آپ کی طرف سے باز ادائیگی کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔

**اپنے ڈاکٹر سے بات کریں**
اگر آپ کی دوا اس صفحے کے پشت پر درج ہے، توآپ کو اپنے ڈاکٹر سے اپنے مستقبل کے علاج کے بارے میں بات کرنی چاہیے تاکہ آپ 25 نومبر 2024 کے بعد بھی باز ادائیگی کے لیے اہل ہو سکیں۔ ہمارا مشورہ ہے کہ چیک اپ یا نسخے کی تجدید کے وقت ڈاکٹر سے بات کر لیں۔ آپ کے ڈاکٹر کو بھی ان تبدیلیوں کے بارے میں مطلع کر دیا گیا ہے۔

**مزید معلومات**
ہماری ویب سائٹ پر آپ باز ادائیگی میں تبدیلیوں سے متعلق مزید معلومات حاصل کر سکتے ہیں:

www.lmst.dk/tilskud-aendringer-diabetesmidler-non-insuliner

آپ نیچے دیئے گئے QR کوڈ کو اسکین کر کے بھی ان معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

بصد خلوص

ڈینش میڈیسن ایجنسی

LÆGEMIDDELSTYRELSEN
DANISH MEDICINES AGENCY

**اہم!** اگر مندرجہ ذیل ٹائپ 2 ذیابیطس کی ادویات میں سے ایک یا زائد سے آپ کا علاج کیا جا رہا ہے، تو آپ کو 25 نومبر 2024 سے پہلے اپنے مستقبل کے علاج کے بارے میں اپنے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہیے۔

**زرد فہرست** :اگر آپ مندرجہ ذیل ادویات میں سے کوئی بھی لے رہے ہیں، تو آپ کے ڈاکٹر کے لیے یہ چیک کرنا ضروری ہو گا کہ آپ باز ادائیگی کی نئی شرائط پر پورا اترتے ہیں یا نہیں۔

| **نام** | **آپ نئی شرائط پر پورا اترتے ہیں اگر:** |
|---|---|
| Ozempic inj.væske, fyldt pen | - آپ کو ٹائپ 2 ذیابیطس ہے اور ضمنی اثرات یا گردوں کی خرابی کی وجہ سے SGLT-2 انہیبیٹر نہیں لے سکتے اور آپ کو مندرجہ ذیل امراض بھی ہیں:<br>(1) قلبی و عروقی یا گردے کی بیماری؛ یا<br>(2) قلبی و عروقی امراض کے لیے خطرے والے کم از کم تین عوامل اور میٹفارمین کے ساتھ بلڈ شوگر کا مکمل نہ کنٹرول ہو ۔<br><br>- 2 ٹائپ ذیابیطس کی تمام متعلقہ ٹیبلٹس بشمول SGLT-2 انہیبیٹر کے ذریعے علاج کے باوجود، بلڈ شوگر مکمل نہ کا کنٹرول ہو ۔ |
| Trulicity 1,5 mg, inj.væske, fyldt pen | |
| Rybelsus tabletter | |

**سُرخ فہرست**:اگر آپ مندرجہ ذیل ادویات میں سے کوئی بھی لیتے ہیں، تو مستقبل میں آپ کو باز ادائیگی کا اہل ہونے کے لیے دوسری ادویات پر منتقل ہونا پڑے گا۔

| **نام** | **نام** |
|---|---|
| Glyxambi filmovertrukne tabletter | Repaglinide "Accord" tabletter |
| Jentadueto filmovertrukne tabletter | Repaglinide "Krka" tabletter |
| Komboglyze filmovertrukne tabletter | Trajenta filmovertrukne tabletter |
| Minodiab tabletter | Victoza inj.væske, fyldt pen |
| NovoNorm tabletter | Vipdomet filmovertrukne tabletter |
| Onglyza filmovertrukne tabletter | Vipidia 12,5 og 25 mg filmovertrukne tabletter |
| Qtern filmovertrukne tabletter | Vokanamet filmovertrukne tabletter |
| Repaglinid "Teva" tabletter | |